HBL

# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعۂ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے حبیب بینک لمیٹڈ (''بینک'') کا 84واں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) بروز پیر، بتاریخ 30مارچ 2026ء، بوقت صبح 10:00 بجے HBL ٹاور، اسلام آباد میں منعقد ہو گا:

**عمومی اُمور:**

1. سال مختتمہ 31 دسمبر 2025ء کے حوالے سے بینک کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس (مجموعی اور غیر مجموعی) مع اُن پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وُصولی، غور وخوض اور منظوری۔

QR کوڈ اسکین کریں

2. سال مختتمہ 31 دسمبر 2025ء کے حوالے سے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق، شیئر ہولڈرز کو حتمی نقد منافعِ منقسمہ کی 6.00 روپے فی شیئر (یعنی 60٪) کے حساب سے ادائیگی کی منظوری دینا، جو پہلے ادا کیے گئے 14.00 روپے فی شیئر (یعنی 140٪) انٹرم نقد منافعِ منقسمہ کے علاوہ ہے۔

3. آئندہ سالانہ اجلاسِ عام کی تکمیل پر ختم ہونے والی مدّت کے لیے آڈیٹرز کی تقرری۔ ریٹائر ہونے والے آڈیٹرز، KPMG تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، بینک کے آڈیٹرز کے طور پر پانچ سال مکمل کر چکے ہیں مزید تقرری کے اہل نہیں ہیں۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے .,A.F. Ferguson & Co چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 51.348 ملین روپے فیس پر (یعنی اسی رقم پر جو ریٹائر ہونے والے آڈیٹر کو ابھی ادا کی جارہی ہے) بطور آڈیٹر مقرر کرنے کی سفارش کی ہے، اور انہوں نے آڈیٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی کا اظہار کیا ہے۔ اس کے علاوہ، کسی بھی وفاقی یا صوبائی ٹیکسز اور اضافی اخراجات کی ادائیگی اصل کے مطابق کی جائے گی۔

**دیگر اُمور:**

4. چیئرمین کی اجازت سے دیگر اُمور پر غور وخوض۔

حسب الحکم بورڈ

9مارچ 2026ء — عظمان نوید چوہدری

کراچی — کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

1. سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد کے مقصد کے لیے اراکین (ممبرز) کا رجسٹر اور شیئر ٹرانسفر بُکس مورخہ 23 مارچ 2026ء سے 30مارچ 2026ء (بشمول دونوں دِن) بند رہیں گی۔

2. صرف وہ اشخاص سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں جن کے نام مورخہ 19 مارچ 2026ء کو بینک کے اراکین (ممبرز) کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔

3. سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ایک ممبر دوسرے کسی بھی ممبر / شیئر ہولڈر کو اپنے پراکسی کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کر سکتا / کر سکتی ہے یا یہ کہ ایک کارپوریشن کسی ایسے شخص کو بھی اپنا پراکسی مقرر کر سکتی ہے جو ممبر نہ ہو، تاہم باضابطہ طور پر کارپوریشن کی جانب سے مجاز قرار دیا گیا ہو۔ پراکسی کی تقرری کی اطلاع اس سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہونا ضروری ہے۔

4. ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو مطلع کریں۔

5. CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو SECP کی جانب سے جاری شدہ سرکلر 1، بتاریخ 26 جنوری 2000ء میں مذکورہ رہنما اُصولوں پر عمل درآمد کرنا ہو گا۔

6. انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی شق 150 کے تحت منافعِ منقسمہ کی آمدن پر فائلر اور نان فائلر شیئر ہولڈرز سے بالترتیب 15٪ اور 30٪ وِدہولڈنگ ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ وہ تمام ممبرز / شیئر ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریوینیو (FBR) کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ Active Tax Payers List (ATL) میں موجود نہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلر ہیں، اُنھیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ 30 مارچ 2026ء سے پہلے ATL میں اپنے موثر NTNs /CNICs کے ساتھ اپنے ناموں کا اندراج یقینی بنائیں تاکہ بینک نقد منافعِ منقسمہ کی رقم پر قابلِ اطلاق ٹیکس کی کٹوتی کرے۔

FBR کے مطابق، جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے 'فائلر / نان فائلر' ہونے کی بنیاد پر اُن کی شیئر ہولڈنگ کے تناسب کے لحاظ سے وِدہولڈنگ ٹیکس کا علیحدہ علیحدہ تعین کیا جائے گا۔ جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے ساتھ شیئر کے حامل ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موجود شیئرز کے حوالے سے پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے شیئرز کی ہولڈنگ کا تناسب ہمارے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو تحریری طور پر فراہم کریں۔ ہمارے رجسٹرار کو مطلوبہ معلومات کی عدم فراہمی کی صورت میں یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر مساوی تناسب سے شیئرز کے حامل ہیں۔

**A. سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے مطلوبہ عوامل:**

(i) انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل اور موثر کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، سالانہ اجلاسِ عام کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختارنامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرنا ہوں گے، تاوقتیکہ وہ پہلے فراہم نہ کر دیے گئے ہوں۔

**B. پراکسیز کی تقرری کے لیے مطلوبہ عوامل:**

(iii) انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، وہ مذکورہ بالا مطلوبہ معیار کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(iv) پراکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی موجود ہو گی، جن کے نام، پتے اور موثر CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

(v) پراکسی فارم کے ساتھ فائدہ حاصل کرنے والے مالکان کے موثر CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول فراہم کی جائیں گی۔

(vi) پراکسی کی جانب سے سالانہ اجلاسِ عام کے وقت اپنا اصل اور موثر CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کیا جائے گا۔

(vii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، ادارہ بینک کو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختارنامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرے گا (تاوقتیکہ وہ پہلے فراہم نہ کر دیے گئے ہوں)۔

**C. الیکٹرانک منافعِ منقسمہ کا استحقاق:**

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 242 کے تحت تمام درج شدہ کمپنیوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافعِ منقسمہ کی ادائیگی، اہل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست الیکٹرانک طریقہ کار سے منتقل کریں۔

فزیکل شیئرز کی صورت میں، اپنے بینک اکاؤنٹ میں منافعِ منقسمہ کی براہِ راست وُصولی کے لیے، ممبرز / شیئر ہولڈرز سے یہ درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ پر موجود بینک کا فارم برائے زرِ نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانک منتقلی (Shareholder Information form for Electronic Credit of Cash Dividend) پُر کریں اور اس پر دستخط کر کے موثر CNIC کی نقل کے ساتھ شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو ارسال کر دیں (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا ہو)۔

شیئرز CDC اکاؤنٹ میں ہونے کی صورت میں، الیکٹرانک منافعِ منقسمہ کا استحقاقی فارم (Electronic Dividend Mandate Form) لازمی طور پر براہِ راست شیئر ہولڈر کے CDC/Participant/Broker اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروایا جائے۔

معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں، بینک شیئر ہولڈرز کو منافعِ منقسمہ کی ادائیگی روک لینے پر مجبور ہو گا۔

**D. موثر CNIC جمع کروانے کا عمل (لازمی):**

SECP کی ہدایات کے مطابق، ایسے شیئر ہولڈرز کو، جن کے موثر CNICs شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں، منافعِ منقسمہ کی ادائیگی موقوف کی جاسکتی ہے۔ اس لیے فزیکل شیئرز رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے موثر CNIC کی نقل فوری طور پر شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی 74400 – کے پاس بلاتاخیر جمع کروائیں (اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی)۔

**E. غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ:**

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن 244 کے مطابق، بینک کی جانب سے جاری کردہ کوئی بھی شیئرز یا اعلان شدہ منافعِ منقسمہ جو اپنے واجب الادا اور قابلِ ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کے عرصے تک غیر دعویٰ شدہ / غیر ادا شدہ رہے، تو شیئر ہولڈرز کو اپنا دعویٰ جمع کروانے کا نوٹس جاری کرنے کے بعد، اُسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے پاس جمع کروانا ضروری ہے تاکہ اسے وفاقی حکومت کو منتقل کر دیا جائے۔ بینک کی جانب سے ایسے جاری کردہ شیئرز اور اعلان کردہ منافعِ منقسمہ کی تفصیلات، جو تین سال سے زائد کے عرصے سے واجب الادا ہیں، شیئر ہولڈرز کو ارسال کر دی گئی تھیں۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ اور شیئرز کے حوالے سے دعووں کا بروقت اندراج یقینی بنائیں۔ مذکورہ مدّت میں بینک کے پاس کسی قسم کا دعویٰ دائر نہ ہونے کی صورت میں بینک، کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن (2)244 کے تحت، اخبار میں نوٹس کی اشاعت کے بعد، غیر دعویٰ شدہ / غیر ادا شدہ رقم اور شیئرز وفاقی حکومت کے پاس جمع کروادے گا۔

**F. سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام کی ممبرز کو الیکٹرانک طریقے سے فراہمی / ترسیل:**

بینک کی سالانہ رپورٹ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (6)223 کے تحت ممبران کو بھیجی جارہی ہے۔ .SECP S.R.O 389(1)/2023 مورخہ 21مارچ 2023 کے مطابق ممبرز QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے بھی سالانہ رپورٹ کی رسائی/ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں، جس کی منظوری 27مارچ 2024ء کو منعقدہ بینک کے سالانہ اجلاسِ عام میں دی گئی تھی۔

یا

https://www.hbl.com/investor-relations/annual-accounts.

بینک کی سالانہ رپورٹ تک رسائی کے لیے اس کا ویب لنک اُن ممبران کو ای میل کر دیا گیا ہے جن کے ای میل ایڈریس ممبر رجسٹر میں موجود ہیں۔ ممبران سے درخواست بھی کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی کی صورت میں، بینک کی ویب سائٹ پر مہیا فارم کے ذریعے ہمارے شیئر رجسٹرار کو مذکورہ بالا مقصد کے لیے آگاہ کریں۔

**G. فزیکل شیئرز کی بُک انٹری فارم میں منتقلی:**

فزیکل شیئر رکھنے والے ممبرز / شیئر ہولڈرز کو تجویز دی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز اسکریپ لیس فارم میں رکھیں، جیساکہ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کے سیکشن (2)72 میں درج ہے کہ ''ہر موجودہ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز SECP کی جانب سے واضح کردہ بُک انٹری فارم میں تبدیل کرے اور SECP کی جانب سے دی جانے والی تاریخ سے متعلقہ ایکٹ کے نفاذ سے چار سال کے اندر تعمیل کرے۔''

**H. الیکٹرانک ذرائع سے سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت:**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') نے وقتاً فوقتاً اپنے سرکلرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو فزیکل اجلاس منعقد کرنے کے ساتھ ویڈیو لنک، Webinar، Zoom وغیرہ کے ذریعے بھی اجلاسِ عام منعقد کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

چنانچہ، سالانہ اجلاسِ عام اپنے مقام پر اور Webinar کے ذریعے منعقد ہو گا۔ بینک کے سالانہ اجلاسِ عام میں Webinar کے ذریعے شرکت میں دلچسپی رکھنے والے ممبرز / شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ بینک کے مقررہ ای میل ایڈریس (general.meetings@hbl.com) پر بینک کے کمپنی سیکریٹری کو اپنے کوائف، بشمول اپنے نام، فولیو نمبر، ای میل ایڈریس 19 مارچ 2026ء کو کاروباری اوقات ختم ہونے تک بھیج کر رجسٹر ہو جائیں۔ رجسٹر ہونے والے شیئر ہولڈرز کو Webinar کا لنک فراہم کر دیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا کے نکات سے متعلق اپنی رائے / تجاویز بھی 25مارچ 2026ء تک مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں۔

**I. پوسٹل بیلٹ / ای ووٹنگ (Postal Ballot/E-Voting)**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 (''ریگولیشنز'') کے مطابق، الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت (''e-voting'') اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ (''postal ballot'') کی سہولت ریگولیشنز میں شامل شرائط کے مطابق بینک کے خصوصی امور کے ہر ممبر کو فراہم کی جائے گی۔